## کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

لندن۔۔۔7،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ضلع کوہاٹ میں پولیس لائنز کے قریب بم دھماکہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے دھماکہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن سفاک دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے دہشت گردی ، بم دھماکوں اورخودکش حملوں کے ذریعے سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں، پاک فوج کے جوانوں اورمعصوم شہریوں کونشانہ بنارہے ہیں جوملک کوغیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ کوہاٹ پولیس لائنز کے قریب بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت نازک دور سے گزررہاہے اوراسے حالات میں جوعناصر بھی اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے اس قسم کی گھناؤنی کارروائیاں کررہے ہیں ملک وقوم دونوں کے دشمن ہیں اوراسے سفاک دہشت گردکسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ جناب الطاف حسین نے کوہاٹ میں پولیس لائنز بم دھماکہ میں جاں بحق افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افرادکواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اورخیبر پختونخواہ کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ کوہاٹ میں پولیس لائنز کے سامنے بم دھماکہ کا الفورنوٹس لیا جائے اور بم دھماکہ کے ذمہ دارعناصر کوگرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔

## سابق سٹی ناظم لاہورمیاں عامرمحمودکالاہورکے لبرٹی چوک پرایم کیوایم کے امدادی کیمپ کادورہ،

## ایم کیوایم لاہورزون کے آرگنائزرشاہین انورگیلانی اوردیگرعہدیداروں سے ملاقات

## امدادی کیمپ پرمسلح افرادکے حملےاورلوٹ مار کے واقعہ پرایم کیوایم لاہورزون کے رہنماؤں سے مکمل یکجہتی کا اظہارکیا

## ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر حملے میں ملوث افرادکوگرفتارکیاجائے۔میاں عامرمحمود

لاہور۔۔۔7 ستمبر2010ء

لاہور کے سابق سٹی ناظم میاں عامرمحمود نے گزشتہ روزلاہور کے لبرٹی چوک پرایم کیوایم کے امدادی کیمپ کادورہ کیااورایم کیوایم لاہورزون کے آرگنائزرشاہین انورگیلانی اوردیگرعہدیداروں سے ملاقات کی اورمسلح افرادکی جانب سے امدادی کیمپ پر حملےاورلوٹ مار کے واقعہ پرایم کیوایم لاہورزون کے رہنماؤں سے مکمل یکجہتی کا اظہارکیا۔میاں عامرمحمود نےکیمپ پرحملہ کےواقعہ کی شدیدمذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب زدگان کی امدادکیلئے لگائے گئے امدادی کیمپ پرحملہ اورلوٹ مارکی کوشش کا واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے اورصوبائی حکومت کوچاہیے کہ اس واقعہ میں ملوث افرادکوگرفتارکرے۔ایم کیوایم لاہورزون کے آرگنائزشاہین انورگیلانی نےکیمپ پر دورے کیلئے تشریف لانے پرمیاں عامرمحمودکاشکریہ اداکیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گھاروتھر میں خیمہ بستی کا قیام

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گھاروتھرخیمہ بستی کادورہ کرکے متاثرین سے مسائل معلوم کیےاورامدادتقسیم کی

ٹھٹھہ۔۔۔7،ستمبر2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے گھاروتھرمیں خیمہ بستی قائم کردی گئی ہے جہاں سیلاب متاثرین کوتمام سہولیات پانی،کھانااورباتھ روم کی سہولت فراہم کی گئی اورمتاثرین میں وقفے وقفے سے غذائی اجناس اوردیگرامدادی سامان کی تقسیم کا سلسلہ بھی جاری ہے جبکہ وبائی امراض دیگر بیماریوں میں مبتلامتاثرین کوطبّی سہولیات بھی فراہم کی جارہی ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹرصغیراحمد، جاویدکاظمی اورشاکرعلی نے حق پرست صوبائی وزیرخالدبن ولایت، ارکان سندھ اسمبلی محترمہ ہیراسماعیل سوہواورسہیل یوسف کے ہمراہ گھاروتھرخیمہ بستی کادورہ کیااورتمام خیموں میں موجودمتاثرین سے فرداًفرداًملاقات کرکےان کے مسائل معلوم کیےاورایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، پینے کا صاف پانی اوردیگرامددی اشیاء بھی تقسیم کیں اس دوران انہوں نے خیمہ بستیوں میں متاثرین کے درمیان روزہ بھی کھولا کچھ دیرانکے ساتھ رہے۔اس موقع پرنے ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج

وارا کین بھی موجود تھے۔دریں اثنا متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مکلی ٹھٹھہ میں سیلاب متاثرین کی امداد کا سلسلہ بدستور جاری ہے اوراس سلسلے میں متاثرین کوغذائی اجناس اور پینے کا صاف پانی سمیت ہرطرح کی امدادی کی فراہمی کے ساتھ ساتھ طبّی امدادوسہولیات بھی فراہم کی جارہی ہے۔گزشتہ روز پاکستان میں متعین ملیشیا کے قونصل جنرل عبدالرزاق نے ملیشین وفد کے ہمراہ مکلی ٹھٹھہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے طبّی کیمپ کا تفصیلی دورہ کیااورطبّی سہولیات کی فراہمی کا بغور جائزہ لیا۔انہوں نے طبّی کیمپ میں مریضوں سے فرداًفرداًملاقات کی،ان کی خیریت دریافت کی اوران سے مختلف سوالات کرکے معلومات حاصل کیں،اس موقع پرڈاکٹرزاورنیم طبّی عملے کے ارکان نے مہمان وفدکومریضوں کوطبّی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مکمل آگاہ فراہم کی۔ملیشیا کے وفد نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بہترین طبّی سہولیات کی فراہم پراطمینان کا اظہار کیااورامدادی سرگرمیوں کی تعریف کی۔

## لاہورمیں لبرٹی چوک پرایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح حملہ بزدلانہ کارروائی ہے،رابطہ کمیٹی
## ایم کیوایم کونشانہ بنانے والے جاگیردار،وڈیرے،سردارجان لیں کہ مظلوم اورمصیبت زدہ عوام کا جم غفیرانہیں بہالے جائے گا
## انقلاب پاکستان کا مقدربن چکا ہے،بدمعاشوں،چوروں،ڈاکوؤں اورفرسودہ نظام کے محافظوں کے دن گنے جاچکے ہیں

کراچی۔۔۔7،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہورمیں لبرٹی چوک پرسیلاب زدگان کی امداد کیلئے قائم کئے گئے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پردہشت گردوں کے مسلح حملے،امدادی اشیاء کی لوٹ مارکی کوشش اورکارکنان کوسنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم ملک بھرمیں سیلاب زدگان کی امداد کیلئے بھرپوراورعملی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے اورایم کیوایم کی سیلاب زدگان کیلئے جاری سرگرمیوں سے وہی لوگ خوف اور گھبراہٹ میں مبتلا ہیں جوجاگیرداروں،وڈیروں،سرداروں اورفرسودہ نظام کے محافظ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لاہورلبرٹی چوک پرایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح دہشت گردوں کا حملہ بزدلانہ کارروائی ہے اوراس حملہ سے ہرذی شعورشخص یہ اندازہ بخوبی لگاسکتا ہے کہ مسلح دہشت گرددراصل ایم کیوایم کوسیلاب زدگان کی امداد سے روکنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک بھرمیں غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی آوازبلند کردی ہے اورایم کیوایم ملک بھرکے غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ ہے لہٰذاایم کیوایم کونشانہ بنانے سے قبل جاگیردار،وڈیرے اورسرداریہ اچھی طرح سمجھ کہ مظلوم اورمصیبت زدہ عوام کا جم غفیرانہیں خش و خشاک کی طرح بہا کرلے جائے گا۔رابطہ کمیٹی نے امدادی کیمپ پر مسلح دہشت گردوں کے سامنے ڈٹ جانے پرایم کیوایم کے بہادراورنڈرکارکنان کوزبردست خراج تحسین پیش کیا اورکہا کہ انقلاب اب پاکستان کا مقدربن چکا ہے اور بدمعاشوں،چوروں،ڈاکوؤں اورفرسودہ نظام کے محافظوں کے دن گنے جاچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضاگیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لاہورمیں لبرٹی چوک پرسیلاب زدگان کی امداد کیلئے لگائے گئے ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح دہشت گردوں کے حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس بزدلانہ کارروائی میں ملوث دہشت گردوں کوفی الفورگرفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے۔

## پرویزرشیدکی جانب سے لاہورمیں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پرحملہ کومفروضہ قراردیناسیاسی،اخلاقی دیوالیہ پن کی انتہاءاورحقائق کومسخ کرنے کی بھونڈی کوشش ہے،سینیٹرطاہرمشہدی

کراچی۔۔۔7،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرطاہرمشہدی نے مسلم لیگ ن کے سینٹرپرویزرشیدکی جانب سے لاہورمیں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ پر مسلح افراد کے حملے کومفروضہ قراردینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس بیان کوسیاسی اوراخلاقی دیوالیہ پن کی انتہاءاورحقائق کومسخ کرنے کی بھونڈی کوشش قراردیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مثبت سیاست اورجمہوریت کا حسن یہی ہے کہ مخالفین پربھی اگرکوئی ظلم وجبرکرے تواسے سیاسی مخالفت سے بالاترہوکردیکھا جائے اوراس کی مذمت کی جائے لیکن پرویز رشید نے لاہورمیں ایم کیوایم کے لبرٹی چوک پر مسلح دہشت گردوں کے حملے سے انکارکرکے ثابت کردیا ہے کہ وہ سیاسی مخاصمت میں مبتلاہوچکے ہیں اورحق اورسچ کی تمیزبھول بیٹھے ہیں۔حق پرست سینیٹرطاہرمشہدی نے مسلم لیگ ن کے سینیٹرپرویزرشیدکومشورہ دیا کہ وہ سیاسی میدان میں مخالفت کے اصولوں کا خیال رکھیں اورجھوٹ،بے بنیاداوربھونڈے قسم کے بیان جاری کرکے دنیا کواپنی جگ ہنسائی کا موقع فراہم نہ کریں۔

## کراچی اور اندرون سندھ میں اغواء برائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارداتیں محکمہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کیلئے لمحہ فکریہ ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں اغواء برائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان گھناؤنی وارادتوں کو محکمہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کیلئے لمحہ فکریہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کھلے عام اندرون سندھ اور کراچی میں اغواء کی وارادتیں کررہے ہیں اور بھاری تاوان کے عیوض رہائی کے مطالبے کررہے ہیں اور 2010ء کے دوران اب تک 84افراد کو اغوا کر کے بھاری تاوان کے مطالبے کئے جاچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اغواء برائے تاوان کی وارداتوں کے باعث عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جارہا ہے اور وہ اپنے آپ کو عدم تحفظ کا شکار محسوس کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں جگہ جگہ پولیس چوکیاں اور ناکے قائم ہیں لیکن اس کے باوجود اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کی عدم گرفتاریاں اس بات کو تقویت بخش رہی ہیں کہ محکمہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی ناقص ہے اور ان میں موجود کالی بھیڑیں عوام کا تحفظ کرنے کے بجائے الٹا عدم تحفظ کا شکار کرنے میں ملوث ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی اور اندرون سندھ میں اغواء برائے تاوان کی بڑھتی ہوئی وارادتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سماج دشمن اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت اور عملی کارروائی کر کے عوام کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## سانگھڑ زون کے کارکن محمد شاہد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔7،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ 3/A کے کارکن محمد شاہد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## سانگھڑ زون کے کارکن محمد شاہد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔7،ستمبر 2010ء

ایم کیوایم سانگھڑ زون یونٹ 3/A کے کارکن محمد شاہد علالت کے باعث انتقال کرگئے۔مرحوم کی عمر 31 سا تھی انکے لواحقین میں بیوہ، تین بچے شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سانگھڑ زون کے کارکن محمد شاہد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔7،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ ون کے کمیٹی ممبر اسد اقبال کی والدہ محترمہ شیریں اقبال اور انکی بھانجی شاہین کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆